Maulana Azad National Urdu University

Ph.D. (Urdu) Coursework I Semester Examination, December 2023

PHUR102CCT : Motala E Adab Ke Tareeq Kar

پرچہ : مطالعہ اُدب کے طریقہ کار

Time : 3 hrs

Marks: 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔
(10 x 1 = 10 Marks)

2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔
(5 x 6 = 30 Marks)

3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔
(3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) تنقید اور عملی تنقید کے مصنف کون ہیں؟

(a) کلیم الدین احمد (b) احتشام حسین (c) محمد حسن (d) شمس الرحمٰن فاروقی

(ii) ''زندگی کے لیے تنقید اتنی ہی ضروری ہے جتنی کہ سانس''

(a) میتھو آرنالڈ (b) ٹی ایس ایلیٹ (c) حالی (d) شبلی

(iii) مجنوں گورکھپوری کی کتاب ''ادب اور زندگی'' میں کل کتنے مضامین ہیں؟

(a) بیس (b) پندرہ (c) دس (d) پانچ

(iv) ذیل میں سے کون دیومالا اور داستانوں کی اہمیت پر بہت زور دیتا ہے؟

(a) ایڈلر (b) سگمنڈ فرائڈ (c) ژونگ (d) مرزا محمد ہادی رسوا

(v) ''یہ لوگوں کا شعور نہیں ہے جو اُن کے وجود کو طے کرتا ہے لیکن اس کے برعکس یہ ان کا سماجی وجود ہے جو اُن کے شعور کو طے کرتا ہے'' یہ کس کا بیان ہے؟

(a) اینگلز (b) لینن (c) کارل مارکس (d) روزہ لکسمبرگ

(vi) بوئے گل، نالۂ دل، دودِ چراغ محفل۔ جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا۔ اس شعر کی کیا خاص بات ہے؟

(a) تشابہ (b) تشبیہ (c) استعارہ (d) مجاز مُرسل

(vii) مسمّط میں کل کتنی ہیتیں شامل ہیں؟

(a) چار (b) پانچ (c) سات (d) آٹھ

(viii) تیرا اندازِ سخن، شانۂ زلفِ الہام۔ تیری رفتارِ قلم، جنبشِ بالِ جبریل۔ اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(a) صنعتِ اشتقاق (b) صنعتِ تجنیس (c) صنعتِ ایہام (d) صنعتِ ترصیع

P.T.O

(ix) ممدوحین کے لحاظ سے قصیدے کو کل کتنی قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے؟

(a) دو (b) تین (c) چار (d) پانچ

(x) ذیل میں سے کون سا جزو ڈرامے کے فن کا محور ہے؟

(a) کردارنگاری (b) مکالمہ (c) پلاٹ (d) موضوع

حصہ دوم

2۔ ادب کے مطالعے میں تنقید کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

3۔ نفسیاتی تنقید سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کفن کے حوالے سے واضح کیجیے۔

4۔ جمالیاتی تنقید سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کسی فن پارے کے حوالے سے سمجھائیے۔

5۔ ادب کی تخلیق و تنقید میں مارکسی نظریوں کی کارفرمائی پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

6۔ غزل کی رسومیات پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجیے۔

7۔ تانیثی زاویے سے لاجونتی کا تجزیہ کیجیے۔

8۔ مرثیے کی شعریات پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

9۔ اسلوبیات کے زاویے سے معنیات کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

حصہ سوم

10۔ داستان، ڈراما، ناول اور افسانہ میں بنیادی افتراقات پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

11۔ کسی افسانے کی مدد سے ادبی سماجیات کی معنویت کو اُجاگر کیجیے۔

12۔ علم بیان، علم معنی اور علم بدیع کے مختلف پہلوؤں کو اشعار کے حوالے سے واضح کیجیے۔

13۔ تخلیق کار کی ساخت و پرداخت میں کارفرما عوامل پر اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

14۔ ساختیاتی تنقید سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ کسی فن پارے کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

☆☆☆